PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

دورہ بنگلہ دیش، نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتیں نکھارنے کا بہترین موقع ثابت ہوگا، اعجاز احمد

لاہور، 2 اپریل 2021ء:

دورہ بنگلہ دیش کے لیے اعلان کردہ 20 رکنی ابتدائی قومی انڈر 19 اسکواڈ نے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں تربیتی مشقوں کا آغاز کردیا ہے۔ جمعے کے روز منعقدہ پہلا پریکٹس سیشن تین گھنٹوں پر مشتمل رہا۔

ہیڈ کوچ اور ٹیم منیجر اعجاز احمد نے ٹریننگ سیشن کی نگرانی کی، جہاں کھلاڑیوں نے فیلڈنگ اور نیٹ سیشن کیا۔ اس دوران باؤلنگ کوچ افتخار احمد نے فاسٹ باؤلرز جبکہ اسپن کنسلٹنٹ مشتاق احمد نے بھی نوجوان اسپنرز کی رہنمائی کی۔

مشتاق احمد اس سے قبل رواں سال کے آغاز میں نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں منعقدہ انڈر 19 کھلاڑیوں پر مشتمل تربیتی کیمپ میں بھی شرکت کرچکے ہیں۔ وہ اب لاہور میں جاری دس روزہ کیمپ میں نوجوان کھلاڑیوں کو اسپن باؤلنگ کے گُر سیکھائیں گے۔

17 کھلاڑیوں پر مشتمل قومی انڈر 19 اسکواڈ 12 اپریل کو بنگلہ دیش روانہ ہوگا، جہاں اسے میزبان ٹیم کے خلاف واحد چار روزہ اور پچاس اوورز پر مشتمل پانچ میچز کھیلنے ہیں۔

اعجاز احمد، ہیڈ کوچ اور منیجر قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم:

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور منیجر اعجاز احمد نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی چند ماہ بعد دوبارہ اکٹھے ہوئے ہیں، لہٰذا ہم نے آج

کیمپ کے پہلے روز ان کی فٹنس اور کارکردگی کا جائزہ لیا ہے، خوشی ہے کہ ہمارے اسکواڈ میں باصلاحیت کھلاڑی موجود ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہمارے نزدیک دورہ بنگلہ دیش ان کھلاڑیوں کی صلاحیتیں نکھارنے کا بہترین موقع ہے کیونکہ انہیں نہ صرف آئندہ سال آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ میں شرکت کرنی ہے بلکہ یہ پاکستان کا مستقبل ہیں جو جلد بڑی سطح پر بھی ملک کی نمائندگی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

اعجاز احمد کا مزید کہنا تھا کہ مشتاق احمد کی تربیتی کیمپ میں بطور اسپن کنسلٹنٹ موجودگی نوجوان اسپنرز کے لیے حوصلہ افزائی کا سبب بنے گی، دورے پر روانگی سے قبل ان کی ٹپس نوجوان کھلاڑیوں کے لیے بہت مفید ثابت ہوں گی۔

انہوں نے کہا کہ راؤافتخار احمد سمیت دیگر اسپورٹ اسٹاف بھی کھلاڑیوں کی صلاحیتیں نکھارنے کے لیے کوشاں ہیں، پر امید ہیں کہ قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

تربیتی کیمپ کے ابتدائی دو روز نیٹ سیشنز کے بعد قومی انڈر 19 اسکواڈ تین روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ کھیلے گا، جس کے بعد پچاس اوورز پر مشتمل 2 میچز بھی کھیلے جائیں گے۔ اس دوران حتمی 17 رکنی اسکواڈ کا اعلان بھی کیا جائے گا۔

قومی انڈر 19 اسکواڈ:

بیٹسمین: عباس علی، عبدالفصیح، عبدالواحد بنگلزئی، فہد منیر، معاذ صداقت، محمد عرفان نیازی، محمد شہزاد، قاسم اکرم اور رضوان محمود
وکٹ کیپرز: حسیب اللہ اور رضا المصطفیٰ
اسپنرز: عالیان محمود، علی اسفند، ارحم نواب اور فیصل اکرم
فاسٹ باؤلرز: احمد خان، عاصم علی، منیب واصف، طاہر حسین اور ذیشان ضمیر

اسپورٹ اسٹاف:

اعجاز احمد (ہیڈ کوچ اور ٹیم منیجر)، عمران اللہ (ٹرینر) راؤ افتخار (باؤلنگ کوچ)، مہتشم رشید (فیلڈنگ کوچ)، حافظ نعیم (فزیو تھراپسٹ)، کرنل (ر) صفدر سعید (سیکیورٹی منیجر)، فیصل رائے (اینالسٹ) اور عماد احمد حمید (میڈیا منیجر)۔

شیڈول:

12 اپریل: بنگلہ دیش روانگی

16 تا 18 اپریل: قومی انڈر 19 اسکواڈ کے سلہٹ میں ٹریننگ سیشنز

19 تا 22 اپریل: واحد چار روزہ میچ بمقام سلہٹ

26 اپریل: پہلا پچاس اوورز پر مشتمل میچ بمقام سلہٹ

28 اپریل: دوسرا پچاس اوورز پر مشتمل میچ بمقام سلہٹ

30 اپریل: تیسرا پچاس اوورز پر مشتمل میچ بمقام سلہٹ

3 مئی: چوتھا پچاس اوورز پر مشتمل میچ بمقام ڈھاکہ

5 مئی: پانچواں پچاس اوورز پر مشتمل میچ بمقام ڈھاکہ

6 مئی: وطن واپسی

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWD
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

National Team Partners
Domestic Partners
Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial